# 66105 ـ ایك شخص كی نماز فجر رہ گئی اور اس نے لوگوں كو سورج گرہن كی نماز پڑھتے ہوئے پایا

**سوال**

اگر كوئی شخص نماز فجر سے رہ جائے اور امام سورج یا چاند گرہن كی نماز ادا كر رہا ہو تو كیا وہ اس كے ساتھ مل جائے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر تو اسے علم ہو كہ امام چاند یا سورج گرہن كی نماز ادا كر رہا ہے تو پھر وہ اس كے ساتھ نہ ملے، كیونكہ دونوں نمازوں كی حالت مختلف ہے، نماز خسوف یا كسوف باوجود اس كے كہ دو ركعت ہیں لیكن ہر ركعت میں دو ركوع اور دو قیام اور دو بار قرآت ہے.

اور جو شخص جاہل ہو كہ امام چاند یا سورج گرہن كی نماز ادا كر رہا ہے اور وہ اس كے ساتھ نماز فجر كی نیت سے شامل ہو جائے تو جیسے ہی اسے علم ہو كہ امام گرہن كی نماز ادا كر رہا ہے اسے امام سے علیحدہ اور منفرد ہونا واجب ہے، اور وہ اپنی فجر كی نماز مكمل كرنے كے بعد اگر چاہے تو امام كے ساتھ باقی مانندہ گرہن كی نماز ادا كر لے.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے.

واللہ اعلم .